روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 23 جنوری 2010ء 7 صفر 1431 ہجری 23 صلح 1389ہش جلد 60-95 نمبر 19

شعری دفاع

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے حسان بن ثابتؓ کے لئے مسجد نبوی میں منبر رکھوایا تھا جس پر کھڑے ہوکر وہ رسول اللہؐ پر کئے جانے والے حملوں کا شعروں میں جواب دیتے تھے اور رسول اللہؐ فرماتے تھے کہ جب یہ میرا دفاع کرتا ہے تو اللہ اس کی تائید کرتا ہے

(جامع ترمذی کتاب الادب باب انشاوالشعر حدیث نمبر:2773)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

123۔نشان۔ ایک دفعہ ایک ہندو صاحب قادیان میں میرے پاس آئے جن کا نام یاد نہیں رہا اور کہا کہ میں ایک مذہبی جلسہ کرنا چاہتا ہوں آپ بھی اپنے مذہب کی خوبیوں کے متعلق کچھ مضمون لکھیں تا اس جلسہ میں پڑھا جائے میں نے عذر کیا پر اُس نے بہت اصرار سے کہا کہ آپ ضرور لکھیں چونکہ میں جانتا ہوں کہ مَیں اپنی ذاتی طاقت سے کچھ بھی نہیں کر سکتا بلکہ مجھ میں کوئی طاقت نہیں۔ میں بغیر خدا کے بُلائے بول نہیں سکتا اور بغیر اس کے دکھانے کے کچھ دیکھ نہیں سکتا اس لئے میں نے جناب الٰہی میں دعا کی کہ وہ مجھے ایسے مضمون کا القا کرے جو اس مجمع کی تمام تقریروں پر غالب رہے میں نے دعا کے بعد دیکھا کہ ایک قوت میرے اندر پھونک دی گئی ہے میں نے اس آسمانی قوت کی ایک حرکت اپنے اندر محسوس کی اور میرے دوست جو اس وقت حاضر تھے جانتے ہیں کہ میں نے اس مضمون کا کوئی مسودہ نہیں لکھا جو کچھ لکھا صرف قلم برداشتہ لکھا تھا اور ایسی تیزی اور جلدی سے میں لکھتا جاتا تھا کہ نقل کرنے والے کے لئے مشکل ہوگیا کہ اس قدر جلدی سے اُس کی نقل لکھے۔ جب میں مضمون ختم کر چکا تو خدا تعالیٰ کی طرف سے یہ الہام ہوا کہ **مضمون بالا رہا** خلاصہ کلام یہ کہ جب وہ مضمون اس مجمع میں پڑھا گیا تو اس کے پڑھنے کے وقت سامعین کے لئے ایک عالم وجد تھا۔ اور ہر ایک طرف سے تحسین کی آواز تھی یہاں تک کہ ایک ہندو صاحب جو صدر نشین اس مجمع کے تھے اُن کے مُنہ سے بھی بے اختیار نکل گیا کہ یہ مضمون تمام مضامین سے بالا رہا۔ اور سول اینڈ ملٹری گزٹ جو لاہور سے انگریزی میں ایک اخبار نکلتا ہے اُس نے بھی شہادت کے طور پر شائع کیا کہ یہ مضمون بالا رہا۔ اور شائد بیس 20 کے قریب ایسے اردو اخبار بھی ہوں گے جنہوں نے یہی شہادت دی اور اس مجمع میں بجُز بعض متعصب لوگوں کے تمام زبانوں پر یہی تھا کہ یہی مضمون فتح یاب ہوا اور آج تک صدہا آدمی ایسے موجود ہیں جو یہی گواہی دے رہے ہیں۔ غرض ہر ایک فرقہ کی شہادت اور نیز انگریزی اخباروں کی شہادت سے میری پیشگوئی پوری ہوگئی کہ مضمون بالا رہا۔ .... اس مجمع میں مختلف خیالات کے آدمیوں نے اپنے اپنے مذہب کے متعلق تقریریں سنائی تھیں جن میں سے بعض عیسائی تھے اور بعض سناتن دھرم کے ہندو اور بعض آریہ سماج کے ہندو اور بعض برہمو اور بعض سکھ اور بعض ہمارے مخالف (۔) تھے۔ اور سب نے اپنی اپنی لاٹھیوں کے خیالی سانپ بنائے تھے لیکن جبکہ خدا نے میرے ہاتھ سے (۔) راستی کا عصا ایک پاک اور پُر معارف تقریر کے پیرایہ میں اُن کے مقابل پر چھوڑا تو وہ اژدہا بن کر سب کو نگل گیا۔ اور آج تک قوم میں میری اس تقریر کا تعریف کے ساتھ چرچا ہے جو میرے مُنہ سے نکلی تھی۔ ....

(حقیقة الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22ص 291)

داخلہ پریپ کلاس

(سکولز نظارت تعلیم)

نظارت تعلیم کے زیر انتظام درج ذیل سکولز میں پریپ کلاس میں داخلہ ٹیسٹ کا انعقاد مورخہ 21 اور 22 فروری 2010ء کو ہوگا۔

1۔ مریم گرلز ہائی سکول دارالنصر وسطی ربوہ
2۔ مریم صدیقہ گرلز ہائی سکول دارالرحمت غربی ربوہ
3۔ بیوت الحمد گرلز ہائی سکول بیوت الحمد کالونی ربوہ
4۔ طاہر پرائمری سکول طاہر آباد غربی ربوہ

داخلہ فارم اور پراسپکٹس مورخہ یکم فروری تا 15 فروری 2010ء متعلقہ سکول سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ داخلہ فارم کے ساتھ برتھ سرٹیفکیٹ یا (ب) فارم کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا ضروری ہے۔ نیز داخلہ فارم حاصل کرتے وقت بھی برتھ سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہوگا۔

داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 فروری 2010ء ہے۔ اس کے بعد کوئی فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ پریپ کلاس میں داخلہ کیلئے طلباء وطالبات کی عمر 31 مارچ 2010ء تک ساڑھے چار سال سے
ساڑھے پانچ سال ہونی چاہئے۔

شیڈیول تحریری وزبانی ٹیسٹ

قاعدہ یسرنا القرآن+تحریری امتحان

21 فروری 2010ء صبح 9:00 بجے

زبانی امتحان : 22 فروری 2010ء صبح 9:00 بجے

درج ذیل سلیبس کے مطابق داخلہ ٹیسٹ ہوگا۔

1۔ قاعدہ	صفحہ نمبر 1 تا 10
2۔ انگلش	Aa to Zz
3۔ اردو حروف تہجی	ا تا ے
4۔ حساب	گنتی 0 to 20

نوٹ: داخلہ ٹیسٹ کیلئے مقررہ وقت پر بچے کا پہنچنا ضروری ہے۔

(نظارت تعلیم)

وقف عارضی

دینی علوم کو عام کرنے کے لئے وقف عارضی کی تحریک میں شرکاء کی تعداد کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ (فیصلہ مجلس شوریٰ 2009ء)

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2009ء)

خدا کی راہ میں اپنی زندگی وقف کرو

حضرت مسیح موعود اپنی آمد کا مقصد بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''زبانی اقرار کے ساتھ عملی تصدیق لازمی ہے اس لئے ضروری ہے کہ خدا کی راہ میں اپنی زندگی وقف کرو اور یہی (دین) ہے اور یہی وہ غرض ہے جس کے لئے مجھے بھیجا گیا ہے۔''

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 138)

حضور کی آرزو

''مَیں خود اس راہ کا پورا تجربہ کار ہوں اور محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور فیض سے میں نے اس راحت اور لذّت سے حظ اُٹھایا ہے یہی آرزو رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں زندگی وقف کرنے کے لئے اگر مر کے پھر زندہ ہوں اور پھر مروں اور زندہ ہوں تو ہر بار میرا شوق ایک لذّت کے ساتھ بڑھتا ہی جاوے۔''

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 370)

حضرت اقدس مسیح موعود وقف کے متعلق فرماتے ہیں کہ:

''مَیں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ اپنی جماعت کو وصیت کروں اور یہ بات پہنچا دوں...اگر کوئی نجات چاہتا ہے اور حیات طیبہ یا ابدی زندگی کا طلبگار ہے تو وہ اللہ کے لئے اپنی زندگی وقف کرے''۔

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 370)

وقف عارضی محاسبۂ نفس کا ذریعہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

''تحریک وقف عارضی کا دوسرا بڑا فائدہ یہ ہے کہ جو لوگ وقف عارضی پر جاتے ہیں ان کو اپنے نفس کا بعض پہلوؤں سے محاسبہ کرنا پڑتا ہے۔ جانے سے قبل انہیں اپنی بعض کمزوریوں کی طرف توجہ ہو جاتی ہے اور دعاؤں کی طرف ان کی توجہ مائل ہو جاتی ہے یعنی وقف عارضی پر جانے کی جو تیاری ہے اس کا بڑا حصہ یہ ہے کہ وہ دعاؤں کی طرف متوجہ ہوتے اور اپنی دینی معلومات میں اضافہ کرتے یا انہیں تازہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جانے سے پہلے کتب کا زیادہ مطالعہ کرتے ہیں اور کچھ کتب اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔ وہ سوچتے ہیں اور اپنی غفلتوں اور کمزوریوں پر نگاہ رکھتے ہوئے انہیں دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کے اندر یہ جذبہ پیدا ہوتا ہے کہ جب وہ دوسری جگہ جائیں تو لوگوں کے لئے نیک نمونہ بنیں۔ ان کے لئے ٹھوکر کا باعث نہ بنیں۔ چنانچہ وقف عارضی کے وفود نے دعاؤں کی برکات سے بہت فائدہ اٹھایا ہے''۔

(الفضل 12 فروری 1977ء)

آپ نے وقف عارضی کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا:۔

''مربیوں کو بھی چاہئے اور عام عہدیداروں کو بھی چاہئے بلکہ ہر احمدی کو چاہئے کہ وہ اپنے نفس کو بھی اور اپنے بھائی کو بھی یہ تلقین کرے کہ وہ وقف عارضی میں شامل ہو'' (الفضل 27/اگست 1969ء)

اگر وہ پہلے مربی نہیں تھے تو آج کے بعد ان کو لازماً مربی بننا پڑے گا

حضرت اقدس مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا۔

''میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ انشاء اللہ تعالیٰ مجھے نظر آ رہا ہے کہ احمدیت کی فتح کے دن قریب سے قریب تر آ رہے ہیں اور میں اس کی چاپ سن رہا ہوں۔ خدا کی قسم! اس لئے آپ اپنے دل بدلیں۔ خدا کی تقدیر فیصلہ کر چکی ہے کہ آپ کو غالب کرے۔''

(مشعل راہ جلد سوم صفحہ 216)

28 جنوری 1983ء کو آپ نے بیت اقصیٰ ربوہ سے خطبہ جمعہ ارشاد کرتے ہوئے فرمایا۔

''تمام دنیا کے احمدیوں کو میں اس اعلان کے ذریعہ متنبہ کرتا ہوں کہ اگر وہ پہلے (مربی) نہیں تھے تو آج کے بعد ان کو لازماً (مربی) بننا پڑے گا (دین) کو ساری دنیا میں غالب کرنے کے بہت وسیع تقاضے ہیں اور یہ بہت بڑا بوجھ ہے جو جماعت احمدیہ کے کندھوں پر ڈالا گیا ہے......آج کے بعد اگر ہر احمدی یہ سوچ لے کہ وہ جس ملک میں اور جہاں بھی ہے وہ لازماً دنیا کمائے گا کیونکہ اس کے بغیر گزارہ نہیں ہے اور دین کی خاطر کچھ پیش کرنے کیلئے اُسے دنیا کمانی چاہئے لیکن وہ ہمیشہ اس بات کو پیش نظر رکھے کہ اس کا مال کمانے کا مقصد بھی اللہ کی طرف دعوت دینا ہوگا...... پس دوستوں کو چاہئے کہ وہ داعی الی اللہ بننے کا عزم کریں اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے آمین۔

(روزنامہ الفضل 26/اپریل 1983ء)

ہر احمدی اللہ کے پیغام کو پہنچانے میں مصروف ہو جائے

سیدنا حضرت اقدس مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

''دنیا تیزی سے تباہی کی طرف بڑھ رہی ہے اس کو تباہی سے بچائیں کیونکہ اب اللہ تعالیٰ کی طرف جھکے بغیر کوئی قوم بھی محفوظ نہیں اس لئے اب ان کو بچانے کیلئے داعیان الی اللہ کی مخصوص تعداد یا مخصوص ٹارگٹ حاصل کرنے کا وقت نہیں ہے بلکہ اپنی جماعتوں کی ایسی منصوبہ بندی کریں کہ ہر احمدی اللہ کے پیغام کو پہنچانے میں مصروف ہو جائے۔''

(الفضل 8 جون 2004ء)

شان احمد را کہ داند جز خداوند کریم

وادیٔ بطحا سے نکلا اک کریم ابن کریم
شاہکار دستِ قدرت نعمت رب رحیم

ہیں زمین و آسماں شاہد کہ ہے اس کا وجود
ہر دو عالم پر خدا کا ایک احسانِ عظیم

حُسن و احساں میں ہے جس کی ذات بحرِ بیکنار
جاری و ساری ہے اس کا تا ابد فیض عمیم

کوثر و تسنیم پر ہی بس نہیں لطف و کرم
بزم ہستی میں لُٹائیں اس نے جنّات نعیم

انبیاء میں رحمۃ للعالمیں جس کا لقب
دینے والا اس لقب کا ہے خداوندکریم

عرش کے مالک نے اس کو عرش کا مہماں کیا
سینۂ صافی میں اس کے رکھ دیا عرشِ عظیم

تھے اسی محبوب سبحانی کے پر تو دہر میں
آدمؑ و نوحؑ و براہیمؑ و مسیحؑا و کلیمؑ

اس کی ہو کامل ثناء شبّیر یہ ممکن نہیں
''شانِ احمد را کہ داند جز خداوند کریم''

چوہدری شبیر احمد

9

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ ہالینڈ

ہالینڈ میں ورود مسعود، بیعت کی تقریب اور لندن میں آمد

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

21 دسمبر 2009ء

جرمنی سے روانگی اور ہالینڈ میں ورود مسعود

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سات بجکر بیس منٹ پر بیت السبوح میں تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

آج پروگرام کے مطابق فرینکفرٹ (جرمنی) سے نن سپیٹ (Nunspeet) ہالینڈ کے لئے روانگی تھی۔

سوا دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے باوجود اس کے کہ ہر طرف برف کی تہیں بچھی ہوئی تھیں اور شدید سردی تھی اور درجہ حرارت نقطہ انجماد سے بارہ درجے نیچے تھا۔ احباب جماعت کی ایک بڑی تعداد جس میں عورتیں، بچے اور بوڑھے بھی شامل تھے اپنے پیارے آقا کو الوداع کہنے کے لئے صبح سے ہی بیت السبوح کے احاطہ میں جمع ہونا شروع ہو گئے تھے۔ جامعہ کے طلباء الوداعی نظمیں پیش کر رہے تھے اور مرد و خواتین اپنے ہاتھ ہلا ہلا کر حضور انور کو الوداع کہہ رہے تھے۔ سبھی دو رویہ کھڑے تھے خواتین میں بعض ایسی عمر رسیدہ عورتیں بھی موجود تھیں۔ جو Wheel chair پر اتنی یخ بستہ سردی میں اپنے پیارے آقا کا دیدار کرنے اور الوداع کہنے کے لئے آئی تھیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنا ہاتھ ہلاتے ہوئے سب کے پاس سے گزرے۔ روانگی سے قبل حضور انور نے دعا کروائی اور سب کو بلند آواز سے السلام علیکم کہا اور گاڑی میں تشریف فرما ہوئے اور قافلہ آہستہ آہستہ خدا حافظ اور فی امان اللہ کی پرسوز دعاؤں سے اپنے اگلے پڑاؤ کے لئے عازم سفر ہوا۔

قریباً ڈیڑھ گھنٹہ کے سفر کے بعد ایک Services پر کچھ دیر کے لئے رکے اور پھر آگے سفر جاری رہا۔ پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق 267 کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد دوپہر ایک بجے ہائی وے کے اوپر واقع "Hunye ost Marche" نامی ریسٹورنٹ کی بیرونی پارکنگ میں پہنچے۔ اس جگہ جماعت ہالینڈ سے آنے والے وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا استقبال کیا۔

ہالینڈ سے حضور انور کے استقبال کے لئے آنے والے وفد میں مکرم ہبۃ النور فرحاخن صاحب امیر جماعت ہالینڈ، مکرم عبدالحمید فن دو فیلدن صاحب نائب امیر ہالینڈ، مکرم نعیم احمد صاحب مربی انچارج ہالینڈ، مکرم حامد کریم محمود صاحب مربی ہالینڈ، مکرم زبیر اکمل صاحب جنرل سیکرٹری، طاہر احمد محمود صاحب ایڈیشنل جنرل سیکرٹری، داؤد اکمل صاحب صدر خدام الاحمدیہ، لئیق احمد چوہدری صاحب نیشنل سیکرٹری صنعت و تجارت، شیخ نعیم احمد صاحب صدر جماعت ایمسٹرڈم ساؤتھ ایسٹ اور مبشر احمد صاحب صدر انصار اللہ شامل تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز گاڑی سے باہر تشریف لائے اور از راہ شفقت ان تمام احباب کو شرف مصافحہ بخشا۔

جرمنی سے امیر صاحب جرمنی مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب، مکرم حیدر علی ظفر صاحب نائب امیر و انچارج جرمنی، مکرم ڈاکٹر محمود احمد صاحب نائب امیر جرمنی، مکرم عدیل عباسی صاحب جنرل سیکرٹری مکرم عبداللہ سپرا صاحب اور مکرم صدر صاحب خدام الاحمدیہ جرمنی اپنی خدام کی سیکیورٹی ٹیم کے ساتھ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو الوداع کہنے کے لئے فرینکفرٹ سے یہاں تک ساتھ آئے تھے۔

یہاں دس منٹ قیام کے بعد نن سپیٹ (Nunspeet) ہالینڈ کے لئے روانگی ہوئی۔ روانگی سے قبل جرمنی سے ساتھ آنے والے وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے شرف مصافحہ حاصل کیا اور یہاں سے واپس فرینکفرٹ کے لئے روانہ ہو گئے۔

یہاں سے نن سپیٹ ہالینڈ کا فاصلہ 145 کلومیٹر ہے۔ ایک بجکر دس منٹ پر یہاں سے ہالینڈ کے لئے سفر شروع ہوا۔ پچاس کلومیٹر کے سفر کے بعد جرمنی کا بارڈر کراس کر کے ہالینڈ کی حدود میں داخل ہوئے۔

دوپہر دو بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بیت النور (نن سپیٹ) تشریف آوری ہوئی۔ فرینکفرٹ (جرمنی) سے لے کر نن سپیٹ (ہالینڈ) تک قریباً چار صد کلومیٹر سے زائد فاصلہ ہے۔ سڑک کے دونوں طرف جہاں تک نگاہ جاتی تھی سوائے برف کی تہوں کے، برف کے تودوں کے کچھ دکھائی نہ دیتا تھا۔ برفانی موسم تھا اور شدید سردی تھی۔ یہی حال نن سپیٹ میں تھا ہر طرف برف ہی برف تھی۔ مرد و خواتین اور بچے بچیاں سردی کی شدت اور اس برفانی موسم کی پرواہ کئے بغیر اپنے پیارے آقا کے استقبال کے لئے صف آراء تھیں۔ جونہی حضور انور کی گاڑی بیت النور پہنچی بچیاں گروپس کی صورت میں خیر مقدمی نظمیں پیش کر رہی تھیں۔ احباب جماعت اور خواتین نے اپنے ہاتھ ہلا ہلا کر حضور انور کا استقبال کیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سب کو بلند آواز سے السلام علیکم کہا اور اپنی رہائش گاہ میں تشریف لے گئے۔

تین بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت النور تشریف لاکر نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

ساڑھے چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور جماعتی کچن میں تشریف لے گئے۔ کچن کے انچارج اور سیکرٹری ضیافت مکرم اسلم صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے مصافحہ کی سعادت حاصل کی۔ حضور انور نے کچن کے بڑے دیگچوں کے بارہ میں دریافت فرمایا کہ پہلے ایک دوسری طرز کے بڑے دیگچے تھے جو ایک جگہ فکس تھے اور وہیں پر ان کی صفائی وغیرہ ہوتی تھی۔ سیکرٹری ضیافت صاحب نے بتایا کہ ان کی صفائی میں مشکل بھی تھی اور ایک جگہ فکس ہونے کی وجہ سے دوبارہ کھانا پکانے کے لئے دیگچے کو خالی کرنا پڑتا تھا اب ان کی جگہ دوسرے بڑے دیگچے حاصل کئے ہیں۔ جن کی صفائی وغیرہ میں سہولت ہے۔

حضور انور نے کچن کے فرش کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ کچن کے فرش میں ایسا میٹریل استعمال کیا گیا ہے جو آگ نہیں پکڑتا۔ نیز شدید سردی میں بھی یہ فرش گرم رہتا ہے۔

بعد میں حضور انور ڈائننگ ہال میں تشریف لے آئے۔ وہاں ایک دوست نے اپنے بچے کی بیماری کا ذکر کر کے حضور انور کی خدمت میں دعا کی درخواست کی۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے لائبریری کا معائنہ فرمایا۔ یہ ریفرنس لائبریری ہے۔ حضور انور نے امیر صاحب ہالینڈ کو ہدایت فرمائی کہ جو کتب قادیان اور لندن سے شائع ہوئی ہیں وہ منگوائیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی کتب کا جو سیٹ "انوار العلوم" ہے وہ بھی منگوائیں۔

حضور انور نے امیر صاحب سے دریافت فرمایا کہ اس سے لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ امیر صاحب نے بتایا کہ ہم اس لائبریری کو اس طرح توسیع دے رہے ہیں کہ باقی جماعتوں میں اس طرح کی ریفرنس لائبریری قائم ہو۔ ہم ہر کتاب کے نو نو سیٹ بنا رہے ہیں تا کہ باقی جماعتوں کو بھی مہیا کئے جائیں۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے "بیت النور" میں تشریف لاکر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔

بیعت کی تقریب

پروگرام کے مطابق نمازوں کی ادائیگی کے بعد بیعت کی تقریب ہوئی جس میں مراکش کے ایک نوجوان محمد سلا کی صاحب اور سوڈان کے ایک دوست المعز علی محمد صاحب نے حضور انور کے دست مبارک پر بیعت کی سعادت حاصل کی اس موقع پر گزشتہ کچھ عرصہ میں احمدیت قبول کرنے والے نومبائعین نے بھی حضور انور کے دست مبارک پر بیعت کی سعادت حاصل کی۔ آخر پر حضور انور نے دعا کروائی۔

محمد سلا کی صاحب نے بتایا کہ وہ "الحوار المباشر" اور "لقاء مع العرب" کے پروگرام MTA پر دو سال سے دیکھ رہے ہیں 34 سال ان کی عمر ہے۔ انہوں نے چھ ماہ قبل احمدی ہونے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ پہلے انہوں نے بیت مبارک ہیگ فون پر رابطہ کیا۔ پھر ایمسٹرڈم میں جماعت کے سنٹر بیت المحمود رابطہ کیا اور باقاعدہ جمعہ پر جماعتی سنٹر آنا شروع کر دیا اور آج بیعت کی سعادت پا رہا ہوں۔

دوسرے بیعت کرنے والے دوست المعز علی محمد نے بتایا کہ پندرہ سولہ سال قبل سے سوڈانی لوگوں کو دیکھتا تھا کہ وہ نمازیں پڑھتے ہیں، قرآن پر عمل کرتے ہیں اور حدیثوں پر عمل کرتے ہیں مگر عملی طور پر ان میں حقیقی مومنوں والی بات نہیں ہے۔ ہم سب حقیقی طور پر عمل نہیں کر رہے۔ قرآن و حدیث کی باتیں بہت اچھی ہیں مگر ہمارا عمل کچھ نہیں ہے۔

مجھے MTA کا بالکل پتہ نہ تھا۔ آج سے سات ماہ قبل میں نے Tune کرتے ہوئے MTA دیکھا اور پھر اس کو روزانہ دیکھتا رہا۔ "الحوار المباشر" کے پروگرام دیکھے۔ میری ساری غلط فہمیاں دور ہو گئیں۔ میں جونہی کالج سے گھر واپس پہنچتا آتے ہی MTA لگا کر بیٹھ جاتا۔ میں نے اپنے آپ کو احمدی سمجھنا شروع کر دیا۔ امسال رمضان المبارک سے الحوار المباشر کے حوالہ سے جماعت لندن سے رابطہ ہوا۔ پھر جماعت ایمسٹرڈم پر رابطہ ہوا اور آج بیعت کرنے کی توفیق پا رہا ہوں۔ اس نے بتایا کہ میری والدہ ایک سال قبل احمدی ہو چکی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ان دونوں سے ان کے ہالینڈ میں قیام کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ دونوں نے بتایا کہ ان کو یہاں لمبے قیام کا ویزا ملا ہوا ہے۔

عربک ڈیسک کے انچارج مکرم ایمن عودہ صاحب نے کہا کہ ہمارے عربک ڈیسک میں شامل ہونے والے والوں کی تعداد بڑھ رہی ہے۔اس پر حضور انور نے فرمایا کہ عربک ڈیسک اور ڈچ ڈیسک کی تعداد پاکستانیوں سے زیادہ ہونی چاہئے۔

بعدازاں ان نومبائعین نے حضور انور سے مصافحہ کا شرف حاصل کیا اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ وقت کے لئے لجنہ کے ہال میں تشریف لے گئے۔ جہاں خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا اور بچیوں نے مل کر ترانے اور گیت پیش کئے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔

بعدازاں پونے آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

22 دسمبر 2009ء

نن سپیٹ (ہالینڈ) سے لندن کے لئے روانگی

صبح ساڑھے ساتھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ''بیت النور'' میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

آج پروگرام کے مطابق نن سپیٹ (ہالینڈ) سے لندن (برطانیہ) کے لئے روانگی تھی۔ سوا دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے، حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے احباب جماعت کے خواتین، بچے بچیاں مشن ہاؤس کے احاطہ میں جمع تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے امیر صاحب ہالینڈ اور نیشنل سیکرٹری جائیداد سے Al mere میں بیت کی تعمیر بارہ میں دریافت فرمایا۔ امیر صاحب نے بتایا کہ سال 2010ء میں اکتوبر ،نومبر میں تعمیر کا پروگرام ہے۔

Almere شہر جہاں جماعت کی بیت تعمیر ہونی ہے۔نن سپیٹ سے ایمسٹرڈم کی طرف جاتے ہوئے 70 کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔اس شہر کو 1971ء میں سمندر کے ایک حصہ کو خشک کر کے آباد کیا گیا تھا۔ 37 سال قبل یہاں صرف سمندر تھا اور آج ایک خوبصورت شہر آباد ہے۔ یہاں آباد مکینوں کی تعداد ایک لاکھ 84 ہزار ہے۔ یہاں 2007ء میں جماعت کا قیام عمل میں آیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے گزشتہ سال اپنے دورہ ہالینڈ کے دوران 13/اکتوبر 2009ء کو ایمسٹرڈم جاتے ہوئے راستہ میں Almere شہر میں رک کر مجوزہ قطعہ زمین کا معائنہ فرمایا تھا۔ کونسل پہلے ہی اس علاقہ میں بیت کی تعمیر کی اجازت دے چکی ہے۔

دس بجکر بیس منٹ پر نن سپیٹ سے لندن کے لئے روانگی ہوئی۔ روانگی سے قبل حضور انور نے دعا کروائی اور اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا شہر کی اندرونی سڑکیں تو برف کے نیچے دبی ہوئی تھیں البتہ موٹر وے بالکل صاف تھی۔ یہاں ان ممالک میں حکومت کے متعلقہ محکمے موٹروے سے مختلف طریقوں اور مشینری کی مدد سے بہت جلد برف ہٹاتے ہیں اور راستہ صاف کرتے ہیں۔

قافلہ کی گاڑیاں شہر کی اندرونی سڑکوں پر آہستہ آہستہ چلتی ہوئی موٹروے تک پہنچیں قریباً 170 کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد ہالینڈ کے شہر Breda اور بیلجیئم کے شہر Antwerpen کے درمیان ہالینڈ کا بارڈر عبور کر کے بیلجیئم کی حدود میں داخل ہوئے اور سفر جاری رہا۔

پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق راستہ میں بیلجیئم کے شہر Gent سے 10 کلومیٹر پہلے مین ہائی وے پر رک کر ایک ریسٹورنٹ میں دوپہر کا کھانا کھایا اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نماز ظہر وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔ خدام الاحمدیہ ہالینڈ کی ایک ٹیم اس انتظام کے لئے پہلے سے ہی یہاں پہنچی ہوئی تھی۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد ایک بجکر 35 منٹ پر یہاں سے فرانس کی بندرگاہ Calais کے لئے روانگی ہوئی۔ روانگی سے قبل حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت ہالینڈ کے ساتھ آنے والے جماعتی عہدیداران کو شرف مصافحہ بخشا۔ ہالینڈ سے درج ذیل احباب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو فرانس کی بندرگاہ Calais تک الوداع کہنے کے لئے ساتھ آئے تھے۔ امیر صاحب ہالینڈ، عبدالحمید صاحب نائب امیر ہالینڈ، نعیم احمد صاحب مربی انچارج ہالینڈ، حامد کریم صاحب مربی سلسلہ ہالینڈ نیشنل جنرل سیکرٹری، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری ، نیشنل سیکرٹری صنعت وتجارت، صدر جماعت ایمسٹرڈم ساؤتھ ایسٹ مکرم حنیف صاحب نیشنل سیکرٹری جائیداد اور صدر خدام الاحمدیہ اپنی سیکیورٹی ٹیم کے ساتھ اس وفد میں شامل تھے۔

ان سبھی احباب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے مصافحہ کی سعادت حاصل کی۔

یہاں سے آگے روانہ ہوئے اور ایک سوتیس کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد بیلجیئم کا بارڈر عبور کر کے فرانس کی حدود میں داخل ہوئے اور مزید 56 کلومیٹر کے سفر کے بعد تین بجکر دس منٹ پر فرانس کی بندرگاہ Calais پہنچے۔ ہالینڈ سے قافلہ کے ساتھ آنے والی گاڑیاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو رخصت کر کے واپس ہالینڈ کے لئے روانہ ہوئیں۔

امیگریشن کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد چار بجکر دس منٹ پر جہازراں کمپنی P & o کی فیری "Pride of Burgundy" میں سوار ہوئے۔ فیری کی انتظامیہ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے قافلے کی گاڑیوں کو Priority کی بنیاد پر بورڈ کیا۔ گاڑیاں فیری کے اندر پارک ہونے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سپیشل لاؤنج میں تشریف لے گئے۔

لندن آمد

چار بجکر 25 منٹ پر فیری Calais کی بندرگاہ سے برطانیہ کی بندرہ گاہ Dover کے لئے روانہ ہوئی۔ قریباً ایک گھنٹہ 45 منٹ کے سفر کے بعد برطانیہ کے مقامی وقت کے مطابق پانچ بجکر دس منٹ پر بندرگاہ Dover پر لنگر انداز ہوئی۔ (فرانس اور برطانیہ کے وقت میں ایک گھنٹہ کا فرق ہے۔ برطانیہ کا وقت فرانس سے ایک گھنٹہ پیچھے ہے)

Dover پورٹ پر مکرم منصور احمد شاہ صاحب نائب امیر یوکے، مکرم عطاء المجیب راشد صاحب مربی انچارج یوکے، مکرم اخلاق انجم صاحب (وکالت تبشیر)، مکرم ظہور احمد صاحب (دفتر پرائیویٹ سیکرٹری)، مکرم ناصر انعام صاحب نائب صدر خدام الاحمدیہ یوکے۔ مکرم صاحبزادہ مرزا وقاص احمد صاحب، مکرم صدر صاحب انصاراللہ، مکرم میجر محمود احمد صاحب افسر حفاظت خاص اور خدام الاحمدیہ کی سیکیورٹی ٹیم حضور انور کے استقبال کے لئے موجود تھی۔

ساڑھے پانچ بجے Dover پورٹ سے روانہ ہو کر شام سات بجکر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بیت فضل لندن تشریف آوری ہوئی۔ جہاں بڑی تعداد میں احباب جماعت، مرد و خواتین، بوڑھے بچے اپنے پیارے آقا کی آمد کے منتظر تھے۔ جونہی حضور انور کی گاڑی بیت فضل لندن کے بیرونی گیٹ سے احاطہ کے اندر داخل ہوئی ۔ احباب جماعت نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کرتے ہوئے حضور انور کا استقبال کیا۔ احباب جماعت نے ہاتھ ہلا کر حضور انور کو خوش آمدید کہا۔ حضور انور گاڑی سے نیچے اترے تو امیر صاحب یوکے نے حضور انور کو خوش آمدید کہتے ہوئے شرف مصافحہ حاصل کیا۔

خواتین اور بچیاں بیت کے سامنے والے احاطہ میں کھڑی تھیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہ شفقت خواتین کی طرف تشریف لے گئے اور انہیں شرف زیارت نصیب ہوا۔ بچیوں نے خیر مقدمی گیت پیش کئے۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے امیر صاحب کو ہدایت فرمائی کہ اب نماز کی تیاری کریں۔ ساڑھے سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت الفضل لندن میں تشریف لا کر نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس سفر میں جن افراد کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے قافلہ میں شمولیت کی سعادت حاصل ہوئی ان کے اسماء حسب ذیل ہیں۔

حضرت سیدہ امۃ السبوح صاحبہ حرم سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز، مکرم منیر احمد جاوید صاحب (پرائیویٹ سیکرٹری)، مکرم مبارک احمد ظفر صاحب (ایڈیشنل وکیل المال لندن)، مکرم بشیر احمد صاحب (دفتر پرائیویٹ سیکرٹری)، مکرم میر محمد احمد صاحب (نائب افسر حفاظت خاص)، مکرم ناصر سعید صاحب، مکرم محمود احمد خان صاحب، مکرم خواجہ عبدالقدوس صاحب، مکرم ندیم احمد امینی اور خاکسار عبدالماجد طاہر۔

مکرم بشیر احمد صاحب کو اس سفر میں حضور انور کی گاڑی ڈرائیو کرنے کی سعادت عطا ہوئی۔ مکرم ندیم امینی صاحب جماعت بریڈفورڈ یو۔کے نے مع گاڑی اپنی خدمات پیش کیں۔

مکرم نعیم احمد باجوہ صاحب امیر ومشنری انچارج

کونگو (کنشاسا) میں جماعتی سرگرمیاں

مورخہ 27/ستمبر 2009ء کو کنشاسا میں ''امام مہدی کی آمد'' کے موضوع پر ایک مباحثہ ہوا جس میں جماعت کا ایک چار رکنی وفد شامل ہوا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کو اپنا موقف بھرپور انداز میں پیش کرنے کا موقع ملا۔ یہ مباحثہ چار گھنٹے تک جاری رہا۔ آخر پر مقررین اور حاضرین نے اقرار کیا کہ احمدی قرآن کریم، نبی کریم ﷺ اور احادیث کو مانتے ہیں اور ان کی پیروی کرتے ہیں۔ بعض احباب نے مزید تحقیق کے لئے رابطہ کرنے کا وعدہ کیا۔ جماعت کی طرف سے حضرت مسیح موعود کی تصنیف اسلامی اصول کی فلاسفی اور بعض پمفلٹس مفت تقسیم کئے گئے۔ مباحثہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ کی علمی و اخلاقی برتری قائم رہی۔

عیدالفطر 20/ستمبر 2009ء کو منائی گئی۔ کنشاسا میں اجتماعی نماز ہوئی جس میں چھ صد کے قریب احباب شامل ہوئے۔ اس موقع پر غریب و مستحق طلبہ میں کتب اور کاپیاں وغیرہ تقسیم کی گئیں۔ لوکل ٹی وی سٹیشن نے عید کی خبر نشر کی اور تصاویر بھی شائع کیں۔

کنشاسا کے علاوہ دیگر شہروں میں بھی اجتماعات ہوئے۔ اور احباب نے عید کی خوشیاں منائیں۔

اللہ تعالیٰ ہمارے لئے یہ خوشیاں دائمی کر دے اور جماعتی ترقی کا باعث ہوں۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 18 دسمبر 2009ء)

م۔ شاہین

ہمارے خاندان میں احمدیت کی نعمت کیسے آئی!

اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے ہماری ددھیال فیملی میں احمدیت کا پودا میری پیاری دادی جان مرحومہ مکرمہ اسلم بی بی صاحبہ زوجہ شیخ سردار محمد مرحوم کی بدولت لگا۔ میری پیاری دادی جان اگرچہ میری پیدائش سے پہلے ہی وفات پاچکی تھیں مگر ہمارے والد صاحب، تایا صاحب، پھوپھو صاحبہ، والدہ صاحبہ اور بڑی بہن اکثر وبیشتر ان کا ذکر خیر کرتے رہتے۔ یہ باتیں میں انہی کی زبانی اور ایک دو حوالے الفضل انٹرنیشنل سے پیش کروں گی۔

میری دادی جان کے والد ڈاکٹر قاضی لعل الدین صاحب سول سرجن تھے۔ یہ 1934ء کے لگ بھگ کی بات ہے۔ دادی جان کے ایک بھائی تھے۔ ڈاکٹر فیروزالدین صاحب یہ دونوں بہن بھائی چھوٹی عمر کے ہی تھے کہ ان کی والدہ کا انتقال ہوگیا کچھ عرصہ کے بعد ان کے والد صاحب نے اور شادی کرلی۔ اس بیوی سے بھی اللہ تعالیٰ نے انہیں 3 بیٹے اور 5 بیٹیاں عطا فرمائیں۔

دادی جان چھوٹی عمر کی ہی تھیں کہ ان کی شادی ہوگئی۔ آپ ہوشیار پور میں رہتی تھیں۔ آپ کے والد ڈاکٹر قاضی لعل الدین صاحب نے اس اثناء میں حضرت مصلح موعود کی بیعت کرلی تھی اور اسی طرح باقی تمام بہن بھائیوں کی بیعت بھی ہوگئی۔ دادی جان نماز، روزہ کی بہت پابند، نیک، دیندار خاتون تھیں۔ مگر اس زمانے کے حالات کے مطابق آپ کو اپنے رشتہ داروں کا بیعت کرنا اچھا نہ لگا۔ آپ فطرتاً نیک خاتون تھیں۔ اس لئے دل سے چاہتی تھیں کہ کوئی مرد کامل ملے تو اس کی بیعت کروں اور اس کے لئے آپ دعائیں بھی بہت کرتی تھیں۔ آپ نے خواب میں ایک بزرگ کو دیکھا کہ یہ مرد کامل ہیں۔ اس بزرگ کو ڈھونڈنے کے آپ نے بہت جتن کئے۔ جہاں کوئی بتاتا وہیں جاتیں اور اس بزرگ کو ڈھونڈتی رہتیں اور کئی لوگوں کو دیکھا بھی۔ مگر دل کو تسلی نہ ہوئی اور کہا کہ نہیں یہ وہ نہیں جن کو میں نے خواب میں دیکھا ہے۔

اسی اثناء میں میرے دادا جان شیخ سردار محمد صاحب جو کہ انجینئر تھے۔ اپنی نوکری کی وجہ سے کسی دوسرے شہر تشریف لے گئے اور دادی جان اپنے تینوں بیٹوں کو لے کر اپنے والد ڈاکٹر قاضی لعل الدین صاحب کے پاس قادیان چلی گئیں۔ آپ کی بہنیں، خاص طور پر فردوس چغتائی صاحبہ آپ کو بہت زور دیتیں کہ آپ بھی ہمارے ساتھ ہماری کسی جماعتی پروگرام میں شامل ہوں مگر دادی جان نہ مانتیں۔ ایک دن خالہ فردوس صاحبہ حضرت مصلح موعود کی ملاقات کو جانے لگیں تو دادی صاحبہ سے فرمایا کہ آپ بھی ساتھ چلیں۔ بیشک بیعت نہ کریں مگر مل تو لیں۔ انہیں بھی آپ کی بزرگ والی خواب کا پتہ تھا اور دل میں یقین تھا کہ وہ بزرگ حضرت مصلح موعود ہی ہوں گے۔ بڑی مشکل سے دادی صاحبہ تیار ہوئیں اور دونوں بہنیں ملاقات کو پہنچیں۔

میرے تایا جان مکرم شیخ انوار رسول صاحب مرحوم نے مجھے ایک مرتبہ خط میں تحریر فرمایا تھا کہ جب آپ ملاقات کے کمرے میں پہنچیں تو حضرت مصلح موعود نے آپ کو دیکھتے ہی فرمایا کہ آپ بیعت کرنے آئی ہیں؟ آپ کے بھائی ڈاکٹر فیروزالدین صاحب (جو کہ اس اثناء میں عدن تشریف لے جاچکے تھے) نے مجھے آپ کی بیعت کرنے کے بارہ میں اتنے زیادہ خطوط لکھے ہیں کہ آج تک مجھے کسی بھائی نے اپنی بہن کے بیعت کرنے کے واسطے دعا کرنے کے لئے اتنے خط نہیں لکھے، جتنے انہوں نے لکھے ہیں۔

دادی جان بھی کمرے میں داخل ہوتے ہی پہچان چکی تھیں کہ یہ وہی بزرگ ہیں جن کو میں خواب میں دیکھ چکی ہوں اور ڈھونڈنے کے لئے در در کی خاک چھان چکی ہوں۔ چنانچہ آپ نے شرح صدر سے بیعت کی اور خوشی خوشی گھر واپس لوٹ آئیں۔ پھر تو آپ قادیان کی ہی ہو رہیں۔ قادیان میں مستقل گھر لے لیا اور بچوں کو بھی وہیں سکولوں میں داخل کیا۔ دادا جان کو بھی آمادہ کیا اور ان کی بھی بیعت کروائی۔

آپ نے نظام وصیت میں بھی شمولیت کی توفیق پائی اور آپ 1/3 حصہ کی موصیہ تھیں اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں آسودہ خاک ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو غریق رحمت کرے اور آپ کے درجات اپنے اعلیٰ علیین میں اپنے پیاروں کے قدموں میں بلند فرمائے۔ (آمین)

آپ کے بھائی ڈاکٹر قاضی فیروزالدین صاحب پاکستان بننے سے تقریباً ایک سال قبل ملک عدن شفٹ ہوگئے اور وہاں پر اللہ کے فضل سے جماعتی خدمات بجالاتے رہے۔ آپ کی خدمت جماعت کے ایک دو حوالے تاریخ احمدیت سے بحوالہ الفضل انٹرنیشنل پیش خدمت ہیں۔

عدن مشن کا قیام

اس مشن کے قیام کا پس منظر یہ ہے کہ یہاں کچھ عرصہ سے پانچ نہایت مخلص احمدی ڈاکٹر قومی اور ملی خدمات بجالا رہے تھے۔ جن کے نام یہ ہیں ڈاکٹر فیروزالدین صاحب، ڈاکٹر محمد احمد صاحب، ڈاکٹر محمد خان صاحب، ڈاکٹر صاحبزادہ محمد ہاشم خان صاحب اور ڈاکٹر عزیز بشیری صاحب۔ ڈاکٹر فیروزالدین صاحب جو اس زمانے میں جماعت عدن کے پریذیڈنٹ تھے۔ عدن سے قادیان آئے تو انہیں ڈاکٹر محمد احمد صاحب نے اپنے خط مورخہ 23 جنوری 1946ء اور تار مورخہ 23 جنوری 1946ء میں عدن مشن کھلوانے کی تحریک کی۔ چنانچہ ڈاکٹر فیروزالدین صاحب جماعت عدن کی نمائندگی میں حضرت مصلح موعود کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ڈاکٹر محمد احمد صاحب کا خط اور تار پیش کیا اور درخواست کی کہ کوئی موزوں مربی سلسلہ عدن کے لئے تجویز فرمایا جائے۔ ہم پانچوں ڈاکٹر مشن کا بار اٹھانے میں مدد کریں گے۔ اس پر حضرت مصلح موعود نے جامعہ احمدیہ کے فارغ التحصیل نوجوان مولوی غلام احمد صاحب مبشر کو اس خدمت کے لئے نامزد فرمایا۔ 19 اگست بروز سوموار آپ عدن پہنچے۔ بندرگاہ پر ڈاکٹر فیروزالدین صاحب اور ڈاکٹر محمد احمد صاحب آپ کو لینے کے لئے پہلے سے موجود تھے۔

(الفضل انٹرنیشنل 27 مارچ 2009ء ص4)

ڈاکٹر فیروزالدین صاحب کا انتقال:

ان دنوں عدن میں یہود اور عرب کی کشمکش بھی یکا یک زور پکڑ گئی۔ جس کا اثر جماعتی سرگرمیوں پر بھی پڑنا ناگزیر تھا۔ علاوہ ازیں عدن کی جماعت کے پریذیڈنٹ جناب ڈاکٹر فیروز الدین صاحب عین فسادات کے دوران میں داغ مفارقت دے گئے۔ جس سے مشن کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا۔ مرحوم نہایت مخلص، نہایت پُر جوش اور بہت سی صفات حمیدہ کے مالک تھے۔ دعوت الی اللہ کا جوش اور شغف ان میں بے نظیر تھا۔ اگر کوئی مریض ان کے گھر آتا تو وہ ضرور اس تک محبت، اخلاص اور ہمدردی سے احمدیت کا پیغام پہنچاتے۔ احمدیت کے مالی جہاد میں بھی آمدنی میں کمی کے باوجود بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ مولوی غلام احمد صاحب مبشر نے اپنی 27 دسمبر 1947ء کی رپورٹ میں ان کے انتقال کی اطلاع دیتے ہوئے لکھا:

"احمدیت کی مالی خدمت کا جوش اللہ تعالیٰ نے ان کے اندر رکھا ہوا تھا، اس کی نظیر بھی کم ہی پائی جاتی ہے۔ ہمارا اندازہ ہے کہ وہ ہر سال (اپنی آمد کا) ساٹھ فیصد ہی اشاعت کے لئے خرچ کر رہے تھے۔ مساکین وغرباء سے ہمدردی اور خدمت خلق کا جذبہ تو کوٹ کوٹ کر ان کے دل میں بھرا ہوا تھا۔ اگر کوئی مسکین بھی ان کے دروازے پر آجاتا اور وہ سوال کرتا تو آپ ضرور اس کی حاجت پوری کردیتے۔ بعض اوقات اپنی نئی پہنی ہوئی قمیص وہیں اتار کر دے دیتے اور یہی باتیں بعض اوقات ان کے گھر میں کشمکش کا باعث ہوجاتیں۔ غرضیکہ آپ کی زندگی حقیقت میں یہاں کی جماعت کے لئے ایک عمدہ نمونہ تھی"۔

ڈاکٹر فیروزالدین صاحب کی تدفین "کریٹر" نامی شہر کے مرکزی قبرستان میں ہوئی اور ان کی قبر آج تک وہاں موجود ہے۔

(الفضل انٹرنیشنل 3 اپریل 2009ء ص3 بحوالہ تاریخ احمدیت جلد 12 ص169 تا 171)

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے ان بزرگوں کی مغفرت فرمائے اور ان کے درجات اپنے اعلیٰ علیین میں اپنے پیاروں کے قدموں میں بلند فرمائے اور ہمیں بھی اپنے اسلاف کی نیکیاں اپنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مکرم رضوان احمد افضل صاحب مربی سلسلہ سویڈن

مجلس خدام الاحمدیہ سویڈن کا
27واں نیشنل سالانہ اجتماع

خدا تعالیٰ کے فضل سے مجلس خدام الاحمدیہ سویڈن کو مورخہ 15 تا 16 اگست 2009 کو اپنے 27ویں سالانہ اجتماع کے کامیاب انعقاد کی توفیق ملی۔

اجتماع سے ایک دن قبل ہی خدام مختلف مجالس سے مشن ہیڈ کوارٹر بیت ناصر گوتھن برگ پہنچنا شروع ہو گئے۔ مورخہ 15 اگست کی صبح مکرم آغا یحییٰ خان صاحب مربی انچارج و قائمقام امیر جماعت احمدیہ سویڈن نے افتتاحی تقریر سے اجتماع کا افتتاح فرمایا۔ آپ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کی روشنی میں انٹرنیٹ کے نقصانات کے بارے میں خدام کو تفصیل سے بتایا۔

افتتاحی تقریب کے بعد خدام واطفال کے ورزشی مقابلہ جات کا آغاز ہوا۔ ورزشی مقابلہ جات کے لئے مقامی کونسل سے ایک گراؤنڈ حاصل کی گئی تھی۔ جہاں مارکی لگا کر خدام کے کھانے وغیرہ کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔ اجتماع کے موقع پر خدام واطفال کے علیحدہ علیحدہ ورزشی مقابلہ جات ہوئے۔ ان مقابلہ جات میں فٹ بال، کرکٹ، کلائی پکڑنا، دوڑ 400 میٹر، دوڑ 1600 میٹر شامل تھے۔

علمی مقابلہ جات میں تلاوت، نظم، تقریر سویڈش، تقریر اردو، حفظ قرآن، نداء اور مضمون نویسی شامل ہیں۔

مورخہ 15 اگست کو بعد از نماز مغرب وعشاء خدام الاحمدیہ کی شوریٰ کا انعقاد ہوا۔ جس میں نئے صدر خدام الاحمدیہ سویڈن کے انتخاب کی کارروائی عمل میں آئی۔

مورخہ 16 اگست کی دوپہر کو بعد از نماز ظہر اجتماع کی اختتامی تقریب کا انعقاد ہوا۔ مقابلہ جات میں امتیاز حاصل کرنے والے خدام و اطفال میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ اختتامی تقریر مکرم مربی صاحب انچارج نے کی۔

مورخہ 16 اگست کو اجتماع کے اختتام پر احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کا ایک اہم اجلاس مکرم وسیم احمد ظفر صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ سویڈن کی صدارت میں ہوا۔

قارئین سے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس اجتماع میں شامل ہونے والے تمام خدام کو اپنے بے پایاں فضلوں اور رحمتوں سے نوازے اور مجلس خدام الاحمدیہ سویڈن کو مزید فعال بن کر حضور انور ایدہ اللہ کے ارشادات کی روشنی میں ترقیات سے نوازتا چلا جائے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 25 ستمبر 2009ء)

مکرم چوہدری شریف احمد سراف صاحب

مکرم میاں محمد حسین صاحب عہدی پور ناروال کی یاد میں

میاں محمد حسین صاحب ولد میاں محمد بخش صاحب ساکن عہدی پور تحصیل ناروال ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے۔

آپ کا پیشہ زرگری تھا۔ آپ راجپوت چوہان تھے۔ آپ کے بڑے بھائی حضرت میاں اللہ دتہ صاحب عہدی پور نے جوانی کی عمر میں حضرت مسیح موعود کی بیعت کا شرف حاصل کیا۔ آپ تا زیست جماعت احمدیہ عہدی پور تحصیل ناروال کے صدر جماعت رہے۔ آپ نے 4 راگست 1949ء کو وفات پائی۔ آپ کا یادگار کتبہ قطعہ رفقاء بہشتی مقبرہ ربوہ میں لگا ہوا ہے۔ آپ کو نصف صدی تک بطور صدر جماعت خدمت کی توفیق ملی۔ آپ نے بچوں کو تعلیم دلائی، اچھی تربیت کی۔ آپ کی زوجہ محترمہ کا نام برکت بی بی تھا۔ آپ کی والدہ کا نام امیر بی بی تھا۔ آپ کی اولاد میں چوہدری محمد اسرفیل احمد صاحب کو دلی، کراچی اور اسلام آباد میں مختلف جماعتی عہدوں پر خدمت کی توفیق ملی۔ اسی طرح عزیزم ناصر احمد ڈپٹی ڈائریکٹر اسلام آباد حال امریکہ کو بھی مختلف جہت سے خدمت دین کی توفیق ملی ہے۔ الحمدللہ۔

مکرم چچا محمد حسین صاحب کی پیدائش 1889ء کے قریب ہے۔ آپ کی وفات 27 جون 1973ء کو ہوئی۔ چونکہ آپ موصی تھے اس لئے آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں ہوئی۔ آپ نے پانچویں جماعت 1905ء میں قلعہ صوبہ سنگھ کے سکول سے پاس کی۔ آپ اردو فارسی اور عربی جانتے تھے۔ گھر میں احمدی اساتذہ سے قرآن مجید کا ترجمہ، گرائمر عربی اور فارسی بھی پڑھی تھی۔ حضرت سید نذیر حسین شاہ صاحب، حضرت مولوی شاہ محمد صاحب آف گھٹیالیاں آپ کے استاد تھے۔ احمدیت قبول کرنے سے قبل آپ اہل قرآن عقیدہ رکھتے تھے۔

احمدیت قبول کرنے سے اللہ تعالیٰ سے الہامات کشوف اور رویا کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ آپ کے سینکڑوں الہامات جو اردو، فارسی، عربی، پنجابی اور انگریزی میں ہیں خاکسار کے پاس ہیں۔ جو ان کے ہاتھ سے لکھے ہوئے ہیں۔ آپ کو خواب میں حضرت مسیح موعود، خلفاء احمدیہ اور بزرگوں کا دیدار بھی ہوتا تھا۔ مکرم چچا جان کے الہامات میں جماعت احمدیہ کی ترقی ملکی حالات اور خاندان وغیرہ کا بھی ذکر ہے۔

آپ کی دعاؤں کو اللہ شرف قبولیت عطا فرماتا تھا۔ آپ کے بہت سے الہامات میں سے ایک یہ بھی تھا کہ میں تیری نسل کو بڑھاؤں گا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے دونوں بھائیوں کو اولاد سے نوازا۔ پھر خاندان میں بھی کثرت عطا فرمائی۔ میرے خاندان میں بہت سے نام لڑکے اور لڑکیوں کے الہامی ہیں۔ جو مکرم چچا جان نے رکھے تھے۔ آپ خاکسار سے بھی اپنے الہام، کشوف اور رویا کا ذکر کیا کرتے تھے۔ جو پورے بھی ہوتے تھے۔

احمدیت قبول کرنے کے بعد آپ جماعت احمدیہ عہدی پور کے عرصہ دراز تک سیکرٹری مال رہے۔ آپ نے یہ خدمت نصف صدی تک نہایت خوش اسلوبی سے نبھائی۔ انصار ہونے پر زعیم مجلس انصار اللہ عرصہ دراز تک رہے۔ آپ کی آواز اچھی تھی۔ قرآن مجید کا علم تھا۔ آپ خوش الحانی سے قرآن کریم کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ آپ کو بطور امام الصلوۃ بھی لمبا عرصہ خدمت کی توفیق ملی۔ اسی طرح خطبہ جمعہ بھی آپ ہی دیا کرتے تھے۔ آپ کو دعوت الی اللہ کا شوق جنون کی حد تک تھا۔ آپ ایک کامیاب داعی الی اللہ تھے۔ آپ کو آریہ، ہندو اور عیسائی پادریوں سے بہت کامیاب مناظرے کرنے کی توفیق ملی۔ گاؤں کے بہت سے گھرانے آپ کی دعوت الی اللہ سے احمدیت میں شامل ہوئے۔ آپ اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے۔ لوگوں کی صحیح راہنمائی کرتے۔ اچھا مشورہ دیتے۔ قرآن کریم کے احکامات کی روشنی میں مکمل دلائل کے ساتھ سائل کی تسلی اور تشفی کرتے۔ خدمت خلق، مہمان نوازی، غریب پروری، انسانی ہمدردی، پیار محبت جیسی صفات آپ میں پائی جاتی تھیں۔ دونوں بھائیوں کو ساری عمر جماعت کی خوب توفیق و ہمت اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی۔

مکرم چچا محمد حسین صاحب کی اہلیہ کا نام مہر بی بی تھا۔ آپ کی بھابی محترمہ برکت بی بی صاحبہ و محترمہ مہر بی بی صاحبہ دونوں موصیات تھیں۔ آپ ہر دو بہشتی مقبرہ میں مدفون ہیں۔ اولادوں کو خدمت دین، نظام وصیت میں شمولیت اور تحریک وقف نو میں شامل ہونے کی توفیق ملی۔

آخر پر اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان بزرگوں کو اپنی جنتوں میں اپنے پیاروں کے قرب میں جگہ عطا فرمائے اور ہمیں ان کی نیکیوں کو زندہ رکھنے اور خلافت احمدیہ سے ہمیشہ وابستہ رہنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہماری نسلوں میں سے بھی جماعت اور خلافت احمدیہ کے فدائی پیدا ہوتے رہیں۔ آمین

مکرم عطاء الصبور صاحب

الیکٹرونکس کے استعمال میں احتیاط

